ISSUE 32 OCT-DEC 2021

# PULSE
NEWSLETTER




YOUR FUTURES EXCHANGE,
THE EXCHANGE OF THE FUTURE

Pakistan Mercantile Exchange
PMEX

## Pakistan Mercantile Exchange Limited (PMEX)

is Pakistan's first and only multi-commodity futures exchange, which is licensed and regulated by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP). Shareholders of PMEX include National Bank of Pakistan (NBP), Pakistan Stock Exchange Limited (PSX), ISE Towers REIT Management Company Limited, LSE Financial Services Limited, Pak Brunei Investment Company limited, Zarai Taraqiati Bank limited and Pak Kuwait Investment Company limited.

The Exchange offers a diverse range of domestic and international commodities and financial futures. With a sophisticated infrastructure based on state-of-the-art technology, PMEX provides a complete suite of services, i.e. trading, clearing and settlement, custody as well as back office, all under one roof. PMEX's international affiliations include memberships of Association of Futures Markets (AFM), Futures Industry Association (FIA) and Memorandum of Understanding (MoUs) with Borsa Istanbul, Izmir Commodity Exchange, Dubai Gold & Commodity Exchange, Dalian Commodity Exchange, Iran Mercantile Exchange and Belarusian Universal Commodity Exchange.

**Disclaimer**
This newsletter is for information purpose only and does not constitute an offer or solicitation to make an investment in Commodity Futures Contracts which carries risk. Any views, expressions or opinions expressed in this document are solely for providing information to readers.

Publication of the Marketing Dept. of PMEX
Design by: d.Studio
Printer: Appletree Graphics

# CONTENTS

01 Time to initiate crackdown against illegal/ unregulated market operators

02 PMEX joins hands with the Government of Pakistan in regularizing trading of physical gold

02 PMEX Managing Director meets President ZTBL

03 Chairperson PSX visits PMEX

04 GCTP team meets President FPCCI

04 GCTP appoints Syed Najam Ali as CEO

05 PMEX offers Entrepreneurship Opportunity to Graduates of Business Schools

06 Webinar Series on GCTP

07 Awareness Programs

08 Circulars and Notifications

09 Top Ten Brokers

10 PMEX Highlights

11 Price Trend of Commodities

## Pakistan Mercantile Exchange Limited

**Head Office:** 3B, 3rd Floor, Bahria Complex IV,
Ch. Khalique-uz-Zaman Road, Gizri, Karachi – 75600, Pakistan.
UAN: (+92-21) 111-623-623
Fax: (+92-21) 35155-022
Email: info@pmex.com.pk

**Islamabad Office:** Office No. G-9(B), ISE Towers, Jinnah Avenue Blue Area, Islamabad. Tel: (+92-51) 2894003-4

**Lahore Office:** Office # 01, P2 Floor Ali Tower, 105- B2, M.M. Alam Road Gulberg 3, Lahore. Tel: (+92-42) 35752825-6

**Customer Support Services**
UAN: (+92-21) 111-11-PMEX (7639)
Email: support@pmex.com.pk

# Time to initiate crackdown against illegal/unregulated market operators

The general public is always in search of new investment opportunities that offer higher rates of return as compared to conventional investment products. While trading commodity futures is legal in Pakistan, the industry is rife with bad actors in the space. These bad actors are unregulated market operators. Since many of our customers have limited experience trading futures, it is important to define exactly who unregulated market operators are. In addition, it is important to understand whether or not is illegal to trade with an unregulated market operators.

An unregulated market operator is the one who is not registered and licensed by Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP). It is, therefore, illegal to trade with such market operators. These unregulated market operators work in collaboration with foreign counterparts by using foreign internet-based trading platforms/exchanges. They offer exponentially high rates of return, demand money in foreign exchange, charge heavy fees and manipulative software to rig the system.



There should be an immediate crackdown by the government agencies against the unregulated market operators. This crackdown will not only protect investors but also raise the Budget Revenue of GoP and stop the illegal outflow of Pakistan's precious Foreign Exchange Reserves.

The customers need to do their due diligence before making any investment in commodity/currency futures to protect themselves from scammers. Any customer who wishes to undertake trading in commodity futures, while selecting a broker, must check that it is a registered broker of Pakistan Mercantile Exchange (PMEX) and is registered and licensed by the SECP.

Orange and White Plastic Container on White Printer PaperPMEX is the country's only multi-commodity futures exchange, licensed and regulated by SECP. The Exchange offers a diverse range of futures contracts based on commodities and financial instruments. This includes both cash-settled and deliverable futures contracts. The Exchange provides world-renowned trading platform Meta Trader 5 to the market participants.

Further, the Exchange has been constantly strengthening its regulatory framework keeping investor protection as the main focus of its regulatory regime. In line with this, PMEX has deployed a business model that limits the role of the broker to servicing the existing customers and soliciting new business only. The risk related to payments and deliveries of commodities is being managed by the Exchange as customers make all investment decisions independently and cash handling is done directly with the Exchange as well. This empowers the customers to get complete control over their funds at all times. For the benefit and protection of investors, the Exchange has put in place a robust and comprehensive investor grievance redressal mechanism.

In brief, PMEX provides the only futures trading platform that ensures investor protection.

# PMEX joins hands with the Government of Pakistan in regularizing trading of physical gold

The Government of Pakistan is striving to evolve a mechanism in the country for documenting the gold trade. This includes streamlining the commercial import of physical gold and its trading at an official platform.

Being the only multi-commodity futures exchange in Pakistan, PMEX is capable of leading the entire process of regularizing the physical trade of gold and ensuring its availability at the retail level. The Exchange has over 15 years of experience in offering a diverse range of domestic and international products across multiple asset classes including physical gold.

At present, PMEX is at an advanced stage of discussions with the Securities & Exchange Commission SECP, Prime Minister Task Force on Gems & Jewellery and Pakistan Gems Jewellery Traders and Exporters Association (PGJTEA) to offer its trading platform to all the stakeholders involved in the trade of physical gold. If all the things move forward as anticipated, trading of physical gold can commence at PMEX in the first half of 2022.



Bringing trading of physical gold at PMEX platform will yield a myriad of benefits. First and foremost, it will provide a complete trail for the movement of cash and 100% pure gold. Second, it will result in an immediate increase in the foreign reserves of the country. Third, gold will become readily acceptable collateral for lending by financial institutions. The added advantage will be an increase in the tax revenue of FBR which will help in reducing the country's budget deficit.

PMEX is confident that prudent management of the gold trade would go a long way in improving the financial standing and creditworthiness of Pakistan.

# PMEX Managing Director meets President ZTBL

Mr. Ejaz Ali Shah, Managing Director, PMEX met Mr. Muhammad Shahbaz Jameel, President Zarai Taraqiati Bank Limited (ZTBL).

ZTBL is one the shareholders of PMEX. During the meeting, Mr. Shah briefed Mr. Jameel about the progress of the Exchange in recent years and upcoming e-commerce platform under its subsidiary 'Global Commodity Trading Platform' (GCTP).



# Chairperson PSX visits PMEX



Dr. Shamshad Akhter, Chairperson Pakistan Stock Exchange, visited Pakistan Mercantile Exchange (PMEX). Mr. Ejaz Ali Shah, Managing Director PMEX, welcomed the guest and thanked her for sparing time and showing keen interest in the affairs and mission of the Exchange.

Mr. Shah apprised Dr. Shamshad Akther about the role being played by PMEX in developing a vibrant and robust commodity futures market in Pakistan. He also briefed about the Direct Fund Model (DFM). Under DFM, the Exchange directly collects funds from customers as well as transfers funds to their bank accounts without the involvement of broker(s). The DFM empowers the customers to get complete control of their funds at all times and restricts the role of the brokers primarily to servicing the existing customers and soliciting new businesses.

Underscoring the challenges faced by PMEX, Mr. Shah highlighted operations of black-market operators in Pakistan. These black-market operators not only eat up PMEX business but also cause heavy drainage of the country's foreign exchange reserves. Mr. Shah sought the help of Dr. Shamshad in cracking down on these black-market operators.

Mr. Shah also explained that gold is a strategic asset of Pakistan and all efforts should be made to document trading of this important commodity. PMEX being the only futures exchange of the country has experience of physical gold trading and therefore PMEX should be defined as the official platform for the trading of gold. Mr. Shah also explained that opening the import of gold and allowing free export of gold will increase the Foreign Exchange Reserves of Pakistan provided that "own resources" are defined correctly in the import policy. The documentation of gold will also increase the tax revenue of the Government of Pakistan.

Mr. Shah explained in detail about Global Commodity Trading Platform (GCTP), a wholly-owned subsidiary of PMEX. GCTP will offer an e-commerce platform that will allow Pakistani commodity producers and exporters to sell agri and non-agri commodities to global buyers with a click of a few buttons.

Dr. Shamshad Akhter thanked Mr. Shah for the detailed briefing on PMEX and its upcoming initiatives. She appreciated the efforts of the Exchange in streamlining investors' funds through DFM which will help in building investors' confidence in trading futures at PMEX. She acknowledged the need of cracking down on operations of the black-market operators and assured her fullest support in eradicating this menace. Furthermore, she appreciated GCTP, which will act as a catalyst in boosting the exports of Pakistan. She also assured the best support to PMEX in its future endeavors.

# GCTP team meets President FPCCI

A delegation led by Mr. Ejaz Ali Shah, Managing Director PMEX & Chairman GCTP, comprising of Mr. Zahid Mansoor Ali, Chief Business Officer PMEX and Syed Najam Ali, Chief Executive Officer GCTP meet Mr. Nasser Hyatt Magoo, President Federation of Pakistan Chambers of Commerce & Industry (FPCCI) and Mr. Mohammad Younus Dagha – Chairman, FPCCI Policy Advisory Board.

# GCTP appoints Syed Najam Ali as CEO



Syed Najam Ali has been appointed as the first Chief Executive Officer (CEO) of Global Commodity Trading Platform (GCTP).

GCTP is a fully owned subsidiary of Pakistan Mercantile Exchange (PMEX), a national level institution and the only multi-commodity futures exchange in Pakistan. GCTP will offer an e-commerce platform that will allow Pakistani commodity sellers and producers to sell agriculture and non-agriculture commodities to the international buyer with a click of a button. GCTP will go alive in the first quarter of 2022.

"I am excited to welcome Najam to the GCTP family. His track record, depth of international and local experience and excitement about joining our business make him an ideal leader to take GCTP's vision forward," said Ejaz Ali Shah, Chairman GCTP and Managing Director PMEX.

Mr. Najm has more than 30 years of experience working in local and international companies. Before joining GCTP, Mr. Najam has worked as Deputy General Manager Business Development at PMEX. In Pakistan, he has held senior positions at Pakistan Telecommunication Company, Mobilink, Jaffar Brothers and NCR Corporation in Pakistan. Internationally, he has worked with Tolworth Investments, Masterchain Investment and Standard Bullion International, Hong Kong.

"I am honored to have been appointed as GCTP's CEO. It is a privilege to be part of an organization that is all set to revolutionize the way commodities are traded both locally and globally. I firmly believe GCTP will act as a catalyst in boosting the exports of Pakistan," said Mr. Najam.

The purpose of the meeting was to apprise the FPCCI leadership about the Global Commodity Trading Platform (GCTP), a fully owned subsidiary of PMEX. Mr. Shah gave a detailed presentation about GCTP. While speaking about the significance of GCTP, Mr.



Shah informed GCTP will offer an e-commerce platform for trading commodities. This digital platform will facilitate the Pakistani commodity sellers to sell their commodities to global buyers electronically and offer an end-to-end trade process through a one-window solution.

GCTP will go live in the first quarter of 2022. The digital platform will act as a catalyst in enhancing the exports of Pakistan. It will develop a new community of commodity sellers, within Pakistan, to embrace a digital model for selling commodities to overseas buyers. It will also enable these communities to go online, interact with its e-commerce platform, harness the power of online sales and reach new buyers located anywhere in the world.

Mr. Magoo thanked Mr. Shah and his team for providing insight into GCTP. He expressed the hope that GCTP will not only simplify the export process but also enhance the experience of both the buyers and sellers. He also assured the best support to GCTP.

# PMEX offers Entrepreneurship Opportunity to Graduates of Business Schools



Since the commencement of operations in 2007, PMEX has emerged as a robust national level institution of the country offering an efficient platform for trading/investing/hedging in local and international commodity futures.

The Exchange has gone from strength to strength on the back of technological advancements, diversified product suite, extended footprint and enhanced customer services. The steps taken by the Exchange have resulted in building trust amongst customers and encouraging them to actively trade at the regulated platform of PMEX. As a result, the average daily trading volume at the Exchange has surged to PKR 11.78 billion in 2021 from PKR 3.70 billion in 2015, resulting in a tripling of trading volume during the last 6 years.

Keeping in view the potential of the commodity futures market in Pakistan, PMEX strongly believes that future business graduates can begin their journey towards becoming the next generation of successful Pakistani entrepreneurs.

The opportunity of becoming an entrepreneur can be a rewarding experience as it enables fresh graduates to work towards building the business that they are passionate about.

PMEX provides an opportunity to fresh business graduates to either become member-broker at PMEX or collaborate with its existing brokers within the regulatory framework.

Against this backdrop, PMEX has started an awareness drive among the business schools nationwide. The purpose of the drive is to educate faculty and soon-to-be graduating classes about the PMEX entrepreneurship opportunity.

## Webinar Series on GCTP

PMEX hosted a series of webinars in the quarter Oct-Dec 2021 to educate the commodity producers and sellers across Pakistan about the Global Commodity Trading Platform (GCTP). This webinar series offered an opportunity to commodity sellers and exporters to discover the digital way of growing their business worldwide. It comprised of a one-hour presentation followed by a Q&A session.

During the webinars, participants were briefed about the following topics:

- Current ecosystem
- Challenges faced by Pakistani commodity exporters
- Introduction to GCTP, an e-commerce platform for trading commodities
- Benefits of selling commodities at GCTP
- Vision and philosophy behind the creation of a digital platform
- End-to-end trade process through one-window solution
- Key responsibilities of a commodity seller at GCTP
- Universe of listed commodities
- Digital payment mechanism

# Awareness Programs

## Futures Trading 101

The Exchange conducted several online training sessions under the banner "Futures Trading 101". A wide array of people from different walks of life participated in these sessions. The training provided in-depth knowledge about futures trading at the regulated platform of PMEX.

The weekly free-of-cost online training sessions are held on every Wednesday from 4:00 pm to 5:00 pm.

## Regulatory awareness session for brokers

PMEX conducted an online regulatory session for its brokers on December 15, 2021. An hour-long session aimed at providing understanding about PMEX Rulebook.

The session was conducted by Mr. Tariq Sabih, Chief Regulatory Officer. He made an elaborate presentation about different aspects of the Rulebook. The presentation was followed by a Q&A session.

## Awareness session with TSBL

The Exchange aims to raise awareness about futures trading amongst the various investor groups in Pakistan thereby enabling them to invest, trade and hedge at the regulated platform of PMEX. In line with this objective, PMEX has started Webinar/ Seminar series on "Exploring Commodity Futures Trading at PMEX" in collaboration with PMEX Futures Brokers.

Against this backdrop, PMEX in collaboration with Trust Securities & Brokerage Limited (TSBL) conducted a webinar about trading futures for the existing and potential customers of the brokerage house. This webinar comprised of a one-hour presentation followed by a Q&A session. During the webinar, the participants were briefed about the following topics:

- Introduction to PMEX
- PMEX Product Suite
- Electronic Trading System - Metatrader 5
- How to trade futures at PMEX
- Direct Fund Model
- Trading Guidelines for Market Participants
- Investor Grievance Redressal
- Services Offered By TSBL
- Commodities Outlook

Moving forward, PMEX plans to conduct webinars/seminars in collaboration with the other brokers nationwide to increase awareness and understanding about futures trading.





## Awareness session for Educational Institutes

PMEX organized webinars for the students and faculty members of Iqra University, Quaid-e-Azam University and NUML University in Islamabad. The participants were briefed about commodity futures trading at a regulated platform, Exchange's integrated business model, technology infrastructure and existing and upcoming products. To acquaint the newcomers with commodity trading, the students were briefed about MetaTrader 5 Demo Trading facility.

# Circulars and Notifications

### October 15, 2021

All market participants were informed about the upward revision of the Trading Fee after the approval by the Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP) with effect from November 01, 2021. All Brokers were advised to also inform their clients accordingly.

### November 05, 2021

All Brokers were informed that due to daylight saving ending in the United States, the new market timings for international commodity futures would become effective from November 08, 2021.

### November 09, 2021

All market participants were informed about the listing of 18 futures contracts based on Electronic Warehouse Receipts (EWR).

### November 09, 2021

All Brokers were advised to complete three documents as part of national Risk Assessment 2021, forwarded by the Securities Exchange Commission of Pakistan (SECP) and submit them to PMEX latest by November 15, 2021.

### November 15, 2021

All market participants were informed about the suspension of trading rights of brokers upon cessation of futures broker licenses of 1) Vantage Commodities (Pvt.) Limited, 2) ICON Capital Management (Pvt.) Limited, 3) Millennium Brokerage (Pvt.) Limited, 4) Multiple Investment Management Limited and 5) La Mercancia (Pvt.) Limited.

### December 09, 2021

All TRE Certificate Holders were informed about scheduling of webinar on PMEX Rule Book on December 15, 2021.

### December 30, 2021

All PMEX Members/TREC Holders were informed that PMEX Annual Fee of PKR 75,000 for the year 2022 became due for payment by January 31, 2022. They were also informed about PKR 25,000 rebate if all the dues including the Annual Fee are paid by January 31, 2022, and TREC Holders generate trading fee in excess of PKR 25,000 during the year.

---

To learn more about the aforementioned circulars & notifications, log onto **www.pmex.com.pk.**



# TOP TEN BROKERS

October – December 2021

| Ranking | Based on Traded Contracts | Based on Traded Value |
|---|---|---|
| 1 | H.G. Markets (Pvt.) Limited | H.G. Markets (Pvt.) Limited |
| 2 | Enrichers (Pvt.) Limited | Royal Securities (Pvt.) Limited |
| 3 | Arif Habib Commodities (Pvt.) Limited | Enrichers (Pvt.) Limited |
| 4 | Blink Capital Management (Pvt.) Limited | A.A. Gold Commodities (Pvt.) Limited |
| 5 | Trust Securities & Brokerage Limited | Trust Securities & Brokerage Limited |
| 6 | A.A. Gold Commodities (Pvt.) Limited | Blink Capital Management (Pvt.) Limited |
| 7 | JS Global Capital Limited | Mohammad Munir Mohammad Ahmed Khanani Securities Limited |
| 8 | Azam Gold Trading (Pvt.) Limited | Arif Habib Commodities (Pvt.) Limited |
| 9 | Zahid Latif Khan Securities (Pvt.) Limited | Zahid Latif Khan Securities (Pvt.) Limited |
| 10 | Mohammad Munir Mohammad Ahmed Khanani Securities Limited | Azam Gold Trading (Pvt.) Limited |

Total contracts traded

**699,216**

Total Rupee Value Traded

**849.012**
billion


Number of active Brokers

**44**


# PMEX Highlights

# پی ایم ای ایکس کی شہ سرخیاں

## PMEX VOLUME COMPARISON WITH PAKISTAN STOCK EXCHANGE
**in PKR Billions**





## TRADED VOLUME




## VOLUME OF 14 MAJOR COMMODITIES
**in PKR Billions**




## NEW UNIs



# دس سرفہرست بروکرز

اکتوبر ۔ دسمبر 2021ء

| درجہ | تجارتی معاہدوں کی بنیاد پر | تجارتی مالیت کی بنیاد پر |
|---|---|---|
| ۱ | ایچ ۔ جی ۔ مارکیٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ | ایچ ۔ جی ۔ مارکیٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۲ | این ریچرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | رائل سیکیورٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۳ | عارف حبیب کموڈٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | این ریچرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۴ | بلنک کیپٹل مینجمنٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ | اے ۔ اے ۔ گولڈ کموڈٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۵ | ٹرسٹ سیکیورٹیز اینڈ بروکریج لمیٹڈ | ٹرسٹ سیکیورٹیز اینڈ بروکریج لمیٹڈ |
| ۶ | اے ۔ اے ۔ گولڈ کموڈٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | بلنک کیپٹل مینجمنٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۷ | جے ایس گلوبل کیپٹل لمیٹڈ | محمد منیر محمد احمد خانانی سیکیورٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۸ | اعظم گولڈ ٹریڈنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ | عارف حبیب کموڈٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۹ | زاہد لطیف خان سیکیورٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | زاہد لطیف خان سیکیورٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| ۱۰ | محمد منیر محمد احمد خانانی سیکیورٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | اعظم گولڈ ٹریڈنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ |

کل تجارتی معاہدے

**699,216**

کل تجارتی رقم

**849.012**

بلین روپے

ایکٹیو بروکرز کی تعداد

**44**





# سرکلرز اینڈ نوٹیفکیشنز

**15 اکتوبر 2021ء**

تمام مارکیٹ کے شرکاء کو اطلاع دی گئی کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) سے باضابطہ منظوری کے بعد ٹریڈنگ فیس میں اضافہ کیا گیا ہے جو 01 نومبر 2021 سے نافذ العمل ہوگا۔ تمام بروکرز کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنے کلائنٹس کو بھی اس سے آگاہ کردیں۔

**05 نومبر 2021ء**

تمام بروکرز کو اطلاع دی گئی کہ امریکہ میں ڈے لائٹ سیونگ کے خاتمے کی وجہ سے انٹرنیشنل کموڈٹی فیوچرز کی ٹریڈنگ کے اوقات بدل دیے گئے ہیں جو 05 نومبر 2021ء سے نافذ العمل ہوں گے۔

**09 نومبر 2021ء**

مارکیٹ کے تمام شرکاء کو اطلاع دی گئی کہ الیکٹرانک ویئرہاؤس رسید (ای ڈبلیو آر) کی بنیاد پر 18 نئے فیوچرز کنٹریکٹس کا اندراج کیا گیا ہے۔

**09 نومبر 2021ء**

تمام بروکرز کو ہدایت کی گئی کہ وہ نیشنل رسک اسیسمنٹ 2021 کے تحت جاری کیے جانے والی دستاویز جو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج نے جاری کی ہیں، مکمل کر کے پی ایم ای ایکس میں 15 نومبر 2021 تک جمع کرادیں۔

**15 نومبر 2021ء**

مارکیٹ کے تمام شرکاء کو اطلاع دی گئی کہ درج ذیل بروکرز کے ٹریڈنگ رائٹس ان کے لائسنس کے اختتام کی وجہ سے معطل کر دیے گئے ہیں۔ ان بروکرز کے نام یہ ہیں: (۱) وینچ کموڈٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، (۲) آئی کون کیپٹل مینجمنٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ، (۳) ملینیم بروکریج (پرائیویٹ) لمیٹڈ، (۴) ملٹیپل انویسٹمنٹ مینجمنٹ لمیٹڈ اور (۵) لام کنشیاء (پرائیویٹ) لمیٹڈ۔

**09 دسمبر 2021ء**

تمام ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈرز کو اطلاع دی گئی کہ پی ایم ای ایکس رول بک کے بارے میں ایک ویبینار 15 دسمبر 2021 کو منعقد کیا جائے گا۔

**30 دسمبر 2021ء**

پی ایم ای ایکس کے ممبرز ٹی آر ای سی ہولڈرز کو اطلاع دی گئی کہ سال 2022 کے لیے سالانہ فیس 75,000 روپے 31 جنوری 2022 کو واجب الادا ہوگی ہے۔ ان کو یہ بھی اطلاع دی گئی کہ اگر وہ تمام واجب الادا رقوم 31 جنوری 2022 تک ادا کردیں اور ٹی آر ای سرٹیفکیٹ ہولڈر سال بھر میں 25,000 روپے سے زیادہ ٹریڈنگ فیس کمانے میں مدد دیں تو ان کو 25,000 روپے کا ریبیٹ دیا جائے گا۔

---

مندرجہ بالا سرکلرز اور نوٹیفکیشنز کے بارے میں مزید جاننے کے لیے www.pmex.com.pk پر لاگ ان کریں۔

# آگاہی پروگرامز

## فیوچرز ٹریڈنگ 101

اکتوبر۔دسمبر 2021 سہ ماہی کے دوران ایکسچینج نے "فیوچرز ٹریڈنگ 101" کے بینر کے تحت ٹریڈنگ کے مختلف پروگرامز منعقد کیے۔ان سیشنز میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے شرکت کی۔اس ٹریننگ کے ذریعے لوگوں کو ایک ریگولیٹڈ پلیٹ فارم پر کموڈٹی فیوچرز کی ٹریڈنگ کے بارے میں مفصل تفصیلات فراہم کی جاتی ہیں۔

یہ بلا معاوضہ ٹریننگ سیشنز ہر ہفتے بدھ کے دن منعقد کیے جاتے ہیں۔

## بروکرز کے لیے ریگولیٹری آگاہی سیشنز

پی ایم ای ایکس نے 15 دسمبر 2021 کو اپنے بروکرز کے لیے ایک ریگولیٹری سیشن آن لائن منعقد کیا۔ایک گھنٹے پر محیط یہ سیشن پی ایم ای ایکس کی رول بک کو بہتر طور پر سمجھنے کے لیے منعقد کیا گیا تھا۔

یہ سیشن طارق صبیح، چیف ریگولیٹری آفیسر نے پیش کیا۔انہوں نے ایک تفصیلی پریزنٹیشن پیش کی جس میں رول بک کے مختلف حصوں کے بارے میں تفصیل بتائی گئیں۔اس پریزنٹیشن کے بعد سوال وجواب کا سیشن ہوا۔

## ٹی ایس بی ایل کے ساتھ آگاہی پروگرام

ایکسچینج انویسٹرز کے مختلف گروپس میں ایک ریگولیٹڈ پلیٹ فارم پر فیوچرز کی ٹریڈنگ کے بارے میں آگاہی پروگرام منعقد کرنا چاہتا ہے، تاکہ لوگ ان پراڈکٹس میں سرمایہ کاری کر سکیں اور اس سے مختلف فوائد حاصل کر سکیں، جیسے انویسٹ، ٹریڈ اور ہیج۔اس ہدف کو مدِ نظر رکھتے ہوئے پی ایم ای ایکس نے ویب نارز اور سیمینارز کا سلسلہ شروع کیا ہے۔جس کا عنوان ہے "پی ایم ای ایکس میں کموڈٹی فیوچرز کی ٹریڈنگ کی جان کاری"۔یہ پروگرام پی ایم ای ایکس کے فیوچرز بروکرز کے تعاون سے پیش کیے جاتے ہیں۔

اس سلسلہ کا ایک ویب نار ٹرسٹ سیکیورٹیز اینڈ بروکریج لمیٹڈ (ٹی ایس بی ایل) کے تعاون سے پیش کیا گیا۔جس میں بروکریج ہاؤس کے موجودہ اور مستقبل کے کسٹمرز کو فیوچرز میں ٹریڈنگ کی آگاہی فراہم کی گئی۔یہ ویب نار دو حصوں پر مشتمل تھا۔پہلے حصہ میں ایک گھنٹے پر محیط پریزنٹیشن دی گئی اور دوسرے حصے میں سوالات کے جوابات دیے گئے۔

اس ویب نار میں درج ذیل موضوعات پر شرکا کو معلومات فراہم کی گئیں:

- پی ایم ای ایکس کا تعارف
- پی ایم ای ایکس پراڈکٹس کا مجموعہ
- الیکٹرانک ٹریڈنگ سسٹم۔میٹا ٹریڈر 5
- پی ایم ای ایکس میں کس طرح فیوچرز کی ٹریڈنگ کی جائے
- ڈائریکٹ فنڈ ماڈل
- مارکیٹ کے شرکا کے لیے ٹریڈنگ گائیڈلائنز
- انویسٹرز کی شکایات کا ازالہ
- ٹی ایس بی ایل کی فراہم کی جانے والی خدمات
- کموڈٹیز کا مستقبل





آنے والے دنوں میں پی ایم ای ایکس نے پلان بنایا ہے، دیگر بروکرز کے ساتھ مل کر ملک بھر میں ویب نارز/سیمینارز منعقد کرے تاکہ لوگوں میں فیوچرز ٹریڈنگ کے بارے میں آگاہی بڑھائی جائے۔

## تعلیمی اداروں کے لیے سیمینارز

پی ایم ای ایکس نے اقرا یونیورسٹی، قائداعظم یونیورسٹی اور نسٹ یونیورسٹی اسلام آباد کے طلباء اور فیکلٹی ممبرز کے لیے ویب نارز منعقد کیے۔ان شرکا کو ایک ریگولیٹڈ پلیٹ فارم پر کموڈٹی فیوچرز کی ٹریڈنگ کے فوائد، ٹیکنالوجی انفرااسٹرکچر اور موجودہ اور مستقبل میں متعارف کی جانے والی پراڈکٹس کے بارے میں بتایا گیا۔نوواردگان کو کموڈٹی ٹریڈنگ کے بارے میں آگاہی دیتے ہوئے ان کو میٹا ٹریڈر 5 کے تحت فراہم کی جانے والی سہولت کے بارے میں بتایا گیا۔

# پی ایم ای ایکس کی جانب سے بزنس اسکولز کے گریجویٹس کے لیے کاروباری مواقع



2007ء میں اپنے قیام ہی سے پی ایم ای ایکس ملک کے ایک مستحکم قومی ادارے کے طور پر ابھر کر سامنے آیا ہے، جو مقامی اور بین الاقوامی کموڈٹی فیوچرز کے لیے ایک موثر ٹریڈنگ پلیٹ فارم مہیا کرتا ہے۔ جہاں لوگوں کو انویسٹ، ٹریڈ اور ہیج کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں۔

ایکسچینج ٹیکنالوجی میں ترقی، متنوع پراڈکٹس کے مجموعہ، دور تک رسائی اور اعلیٰ ترین کی خدمات فراہم کرنے کی بنا پر مضبوط سے مضبوط تر ین ہوتا جا رہا ہے۔ نئے اقدامات اُٹھائے جانے کی وجہ سے کسٹمرز کے ایکسچینج پر بھروسہ کو تقویت ملی ہے۔ اور ان کی حوصلہ افزائی ہوئی ہے کہ وہ پی ایم ای ایکس کے پلیٹ فارم پر بھرپور طریقہ سے ٹریڈنگ کریں۔ اس کے نتیجہ میں روزانہ ہونے والی ٹریڈنگ کا حجم 2021 میں بڑھ کر 11.78 بلین روپے ہو گیا، جبکہ 2015 میں یہ حجم 3.70 بلین روپے تھا۔ اس طرح چھ سال کی قلیل مدت میں روزانہ ٹریڈنگ کا حجم چھ گنا بڑھ گیا ہے۔

پاکستان میں فیوچرز مارکیٹ کی ممکنہ استعداد کو پیش نظر رکھتے ہوئے پی ایم ای ایکس کو پختہ یقین ہے کہ مستقبل کے بزنس گریجویٹس اپنے کاروبار کو وسعت دینے کا سفر یہاں سے شروع کر کے پاکستان کے کامیاب کاروباری افراد میں شامل ہو سکتے ہیں۔


کاروبار شروع کرنے کا موقع ایک منفعت بخش تجربہ ہو سکتا ہے۔ کیونکہ یہ موقع ان کو اس قابل بناتا ہے کہ وہ ایسا کاروبار شروع کر سکتے ہیں جس کے بارے میں وہ لگن رکھتے ہیں۔

پی ایم ای ایکس نے بزنس گریجویٹس کو ایک منفرد موقع فراہم کرتا ہے کہ وہ یا تو پی ایم ای ایکس کے ممبر بروکرز بن جائیں یا کسی موجودہ بروکر کے ساتھ ریگولیٹری فریم ورک کے تحت شمولیت اختیار کر لیں۔

اس پس منظر میں پی ایم ای ایکس نے ایک آگاہی پروگرام شروع کیا ہے۔ جس کے تحت پورے ملک میں موجود بزنس اسکولز کے طلباء سے ملاقات کی جا رہی ہیں۔ اس ملک بھر میں موجود بزنس اسکولز سے رابطہ کیا جا رہا ہے۔ اس مہم کا مقصد تکنیکی تربیت کرنا ہے اور جلد گریجویٹ ہونے والے طلباء کو پی ایم ای ایکس میں کاروباری مواقع کے بارے میں آگاہی فراہم کرتا ہے۔

## جی سی ٹی پی کے بارے میں ویب نارز

پی ایم ای ایکس نے کموڈٹی پروڈیوسرز اور ٹریڈرز میں جی سی ٹی پی کے بارے میں آگاہی بڑھانے کے لیے اکتوبر۔ دسمبر 2021ء سہ ماہی کے دوران سلسلہ وار ویب نارز پاکستان بھر میں منعقد کیے۔ ان سلسلہ وار ویب نارز نے کموڈٹی سیلرز اور ایکسپورٹرز کو موقع فراہم کیا کہ اپنے کاروبار کو دنیا بھر میں پھیلانے کے لیے اس ڈیجیٹل طریقہ کو اپنائیں۔ یہ ویب نارز ایک گھنٹہ پر محیط تھے جس کے بعد سوال اور جواب کا سیشن بھی کیا جاتا تھا۔




ان ویب نارز میں درج ذیل موضوعات پر گفتگو کی گئی:

- موجودہ نظام
- پاکستانی کموڈٹی ایکسپورٹرز کو درپیش چیلنجز
- جی سی ٹی پی ایک تعارف۔ کموڈٹیز کے لیے ایک ای۔ کامرس پلیٹ فارم
- جی سی ٹی پی کے ذریعے کموڈٹیز فروخت کرنے کے فوائد
- ڈیجیٹل پلیٹ فارم کی تخلیق کا وژن اور فلاسفی
- ون ونڈو سلوشن کے تحت ٹریڈ پروسس کی تکمیل
- جی سی ٹی پی کے تحت بیچنے والے کی اہم ذمہ داریاں
- ڈیجیٹل ملکیت سسٹم

# جی سی ٹی پی کے وفد کی
# صدر ایف پی سی سی آئی سے ملاقات

ایک وفد جس کی سربراہی پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج کے مینجنگ ڈائریکٹر اور جی سی ٹی پی کے چیئرمین اعجاز علی شاہ کر رہے تھے اور اس میں زاہد منصور علی چیف بزنس آفیسر پی ایم ای ایکس اور سید نجم علی چیف ایگزیکٹو آفیسر جی سی ٹی پی شامل تھے، ناصر حیات مگوں صدر فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) اور محمد یونس ڈاگا چیئرمین ایف پی سی سی آئی پالیسی ایڈوائزری بورڈ سے ملاقات کی۔

اس ملاقات کا مقصد ایف پی سی سی آئی کے اعلیٰ عہدیداروں کو گلوبل کموڈٹی ٹریڈنگ پلیٹ فارم کے بارے میں جو پی ایم ای ایکس کا ایک ذیلی ادارہ ہے، آگاہی فراہم کرنا تھا۔ شاہ صاحب نے جی سی ٹی پی کے بارے میں ایک تفصیلی پریزنٹیشن دی۔ جی سی ٹی پی کی



اہمیت کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے شاہ صاحب نے بتایا کہ یہ ایک ای۔ کامرس پلیٹ فارم ہے جہاں کموڈٹیز کی ٹریڈنگ کی جاتی ہے۔ یہ ڈیجیٹل پلیٹ فارم پاکستان کموڈٹی سیلرز کو مواقع فراہم کرتا ہے کہ وہ اپنی کموڈٹیز بین الاقوامی خریداروں کو الیکٹرانک پلیٹ فارم کے ذریعے سے بیچ سکیں اور فروخت کے عمل کو ایک سرے سے دوسرے سرے تک ون ونڈو سہولت کے ساتھ مکمل کر سکیں۔

جی سی ٹی پی کی سہولت سال 2022 کی پہلی سہ ماہی میں باقاعدہ فراہم کر دی جائے گی۔ یہ ڈیجیٹل پلیٹ فارم پاکستان کی برآمدات بڑھانے میں مدد دے گا۔ یہ پاکستان میں کموڈٹی سیلرز کی ایک نئی برادری تخلیق دے گا اور ان کو اس قابل بنائے گا کہ وہ اپنی کموڈٹیز غیر ملکی خریداروں کو فروخت کر سکیں۔ یہ پلیٹ فارم ان کو اس قابل بھی بنائے گا کہ وہ اپنا مال آن لائن فروخت کر سکیں۔ اور دنیا بھر میں کہیں بھی واقع خریدار سے رابطہ کر سکیں۔

مگوں صاحب نے شاہ صاحب اور ان کی ٹیم کا جی سی ٹی پی کے بارے میں بھرپور معلومات فراہم کرنے کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے اُمید ظاہر کی کہ جی سی ٹی پی برآمد کے عمل کو نہ صرف سہل بنائے گا بلکہ بیچنے والے اور خریدار کے تجربات کو خوشگوار بنائے گا۔ انہوں نے جی سی ٹی پی کو اپنی بہترین معاونت کا یقین دلایا۔

## سید نجم علی کی جی سی ٹی پی میں بطور سی ای او تقرری



سید نجم علی صاحب کو گلوبل کموڈٹی ٹریڈنگ پلیٹ فارم (جی سی ٹی پی) کا چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) مقرر کیا گیا ہے۔ جی سی ٹی پی، پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایم ای ایکس) کا ایک مکمل ملکیتی ذیلی ادارہ ہے۔ جو ایک قومی ادارہ اور ملک کا واحد ملٹی کموڈٹی فیوچرز ایکسچینج ہے۔ جی سی ٹی پی ایک ای۔ کامرس پلیٹ فارم فراہم کرے گا جہاں پاکستان کے کموڈٹی سیلرز اور پروڈیوسرز، زرعی اور غیر زرعی کموڈٹیز بین الاقوامی خریداروں کو صرف چند بٹن دبا کر فروخت کر سکیں گے۔ توقع ہے کہ جی سی ٹی پی سال 2022 کی پہلی سہ ماہی میں کام کرنا شروع کر دے گا۔

"میں نجم صاحب کو جی سی ٹی پی فیملی میں خوش آمدید کہتے ہوئے نہایت پُرجوش ہوں۔ ان کا کام کرنے کا طریقہ کار، مقامی اور بین الاقوامی منڈیوں کے بارے میں ان کی وسیع معلومات اور ہماری بزنس ٹیم میں شمولیت کے بارے میں جوش ان کو اس عہدے کے لیے مثالی اُمیدوار بناتا ہے۔" ان خیالات کا اظہار اعجاز شاہ چیئرمین جی سی ٹی پی اور مینجنگ ڈائریکٹر پی ایم ای ایکس نے کیا۔

نجم صاحب کے پاس 30 سال سے زائد عرصہ کا مقامی اور بین الاقوامی منڈیوں میں کام کرنے کا تجربہ ہے۔ جی سی ٹی پی میں شمولیت سے قبل نجم صاحب پی ایم ای ایکس میں بطور ڈپٹی جنرل منیجر بزنس ڈیولپمنٹ کام کر رہے تھے۔ وہ پاکستان میں اعلیٰ عہدوں پر کام کر چکے ہیں، جس میں پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی، موبی لنک، جعفر برادرز اور این سی آر کارپوریشن پاکستان شامل ہیں۔ عالمی منڈیوں میں ان کو ناول ورتھ انویسٹمنٹ، ماسٹر چینن انویسٹمنٹ اور اسٹینڈرڈ بلین انٹرنیشنل، ہانگ کانگ کے ساتھ کام کرنے کا تجربہ ہے۔

"مجھے اس بات پر فخر ہے کہ میں جی سی ٹی پی میں سی ای او کے عہدے کے لیے منتخب کیا گیا ہوں۔ میرے لیے یہ بات باعث فخر ہے کہ میں ایک ایسے ادارے کا رُکن ہوں جو کموڈٹی ٹریڈنگ میں انقلابی تبدیلیاں لانے کے لیے کام کر رہا ہے۔ میں اس بات پر پختہ یقین رکھتا ہوں کہ جی سی ٹی پی پاکستان کی برآمدات بڑھانے کے عمل میں بھرپور کردار ادا کرے گا۔" ان خیالات کا اظہار نجم صاحب نے کیا۔

# پی ایس ایکس کی چیئرپرسن کا پی ایم ای ایکس کا دورہ



پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) کی چیئرپرسن ڈاکٹر شمشاد اختر نے پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج (پی ایم ای ایکس) کا دورہ کیا۔ پی ایم ای ایکس کے مینجنگ ڈائریکٹر اعجاز علی شاہ نے ان کو خوش آمدید کہا اور اپنے مصروف وقت میں سے کچھ وقت ایکسچینج کے وژن اور معاملات کے بارے میں جاننے میں دلچسپی لینے پر شکریہ ادا کیا۔

شاہ صاحب نے ڈاکٹر شمشاد کو پاکستان میں ایک متحرک کموڈٹی فیوچرز مارکیٹ کے قیام میں پی ایم ای ایکس کے کردار کے بارے میں بتایا۔ مزید برآں ان کو ڈائریکٹ فنڈ ماڈل (ڈی ایف ایم) کے بارے میں مختصراً بتایا۔ ڈی ایف ایم کے تحت ایکسچینج کسٹمرز سے رقم براہ راست وصول کرتا ہے اور ان کے اکاؤنٹ میں ڈائریکٹ رقم منتقل کرتا ہے، وہ بھی بغیر بروکر کی مدد کے۔ ڈی ایف ایم کسٹمرز کو ان کے فنڈز پر مکمل اختیار دیتا ہے اور بروکرز کو ان کے بنیادی کردار تک محدود کرتا ہے، جس کا محور موجودہ کسٹمرز کو خدمات فراہم کرنا اور نئے بزنس کا حصول ہے۔

پی ایم ای ایکس کو درپیش مسائل کا ذکر کرتے ہوئے شاہ صاحب نے غیر منظم مارکیٹ آپریٹرز کا خصوصی طور پر ذکر کیا۔ یہ غیر منظم مارکیٹ آپریٹرز نہ صرف پی ایم ای ایکس کا بزنس ہڑپ کر جاتے ہیں بلکہ غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر کی بڑے پیمانے پر دوسرے ملکوں میں منتقلی کا سبب بھی بنتے ہیں۔ شاہ صاحب نے ڈاکٹر شمشاد سے مدد کی درخواست کی تاکہ ان غیر منظم مارکیٹ آپریٹرز کے خلاف قانونی کارروائی کی جا سکے۔

شاہ صاحب نے گلوبل کموڈٹی ٹریڈنگ پلیٹ فارم، جو پی ایم ای ایکس کا مکمل ملکیتی ذیلی ادارہ ہے، اس کے بارے میں تفصیلات بتائیں۔ جی سی ٹی پی پاکستان کے کموڈٹی پروڈیوسرز اور ایکسپورٹرز کو ای۔کامرس پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے، جہاں سے وہ زرعی اور غیر زرعی مصنوعات بین الاقوامی خریداروں کو صرف چند بٹن دبا کر فروخت کر سکیں گے۔

ڈاکٹر شمشاد اختر نے پی ایم ای ایکس کے بارے میں مفصل معلومات فراہم کرنے اور اس کے آئندہ کے منصوبوں کے بارے میں تفصیلات فراہم کرنے پر شاہ صاحب کا شکریہ ادا کیا۔ ڈاکٹر صاحبہ نے ایکسچینج کی ان کوششوں کو سراہا جو انویسٹرز کے فنڈز کے نظام کو ڈائریکٹ فنڈ مینجمنٹ (ڈی ایف ایم) کے ذریعے بہتر بنانے کے لیے کی جا رہی ہیں تاکہ انویسٹرز کے اعتماد کو پی ایم ای ایکس پر کی جانے والی فیوچرز کی ٹریڈنگ مضبوط بنایا جا سکے۔ انہوں نے بلیک مارکیٹ آپریٹرز کے خلاف قانونی کارروائی کرنے کی ضرورت کا اعادہ کیا اور برائی کے خاتمے میں اپنی بھرپور مدد کا یقین دلایا۔ مزید برآں انہوں نے جی سی ٹی پی کی ابتدا کو پسند کیا، جو پاکستان کی برآمدات بڑھانے میں معاونت کرے گا۔ انہوں نے اس سلسلے میں پی ایم ای ایکس کو اس کے مستقبل کے منصوبوں میں اپنی بھرپور مدد کا یقین دلایا۔

# پی ایم ای ایکس اور حکومت پاکستان کا گولڈ کی تجارت کو باقاعدہ بنانے میں تعاون

حکومت پاکستان گولڈ کی تجارت کو دستاویزی شکل دینے کے لیے ملک میں ایک طریقہ کار وضع کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ جس میں فزیکل گولڈ کی کمرشل امپورٹ اور سرکاری طور پر منظور شدہ پلیٹ فارم پر اس کی تجارت شامل ہے۔

بحیثیت ملک کے واحد ملٹی کموڈٹی فیوچرز ایکسچینج، پی ایم ای ایکس کے پاس صلاحیت ہے کہ وہ سونے کی تجارت کو باقاعدہ بنانے اور اس کی ریٹیل لیول پر دستیابی کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ ایکسچینج کے پاس مقامی اور بین الاقوامی کموڈٹیز کی تجارت کی سہولت فراہم کرنے کا 15 سال سے زیادہ عرصہ کا تجربہ ہے۔

اس وقت پی ایم ای ایکس، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی)، پرائم منسٹر ٹاسک فورس برائے جیمز اینڈ جیولری اور پاکستان جیمز جیولری ٹریڈرز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن (پی جی جے ٹی ای اے) کے ساتھ بات چیت کے ایک اعلیٰ مرحلے پر ہے تاکہ سونے کی تجارت میں شامل تمام اسٹیک ہولڈرز کو اپنا ٹریڈنگ پلیٹ فارم پیش کر سکے۔ اگر تمام کوششیں حسب منشاء آگے بڑھتی رہیں تو توقع ہے کہ فزیکل گولڈ کی ٹریڈنگ پی ایم ای ایکس کے پلیٹ فارم پر 2022 کی پہلی ششماہی میں شروع ہو سکتی ہے۔



پی ایم ای ایکس کے پلیٹ فارم پر فزیکل گولڈ کی ٹریڈنگ شروع ہونے سے بے شمار فوائد حاصل ہوں گے۔ سب سے پہلے، یہ نقد رقم اور 100% خالص سونے کی نقل و حرکت کے بارے میں ایک مکمل ٹریل فراہم کرے گا۔ دوسرا، اس کے نتیجے میں ملک کے غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر میں فوری اضافہ ہوگا۔ تیسرا، سونا مالیاتی اداروں کے ذریعے قرض دینے کے لیے آسانی سے قابل قبول ضمانت بن جائے گا۔ اس کا اضافی فائدہ یہ ہوگا کہ ایف بی آر کے ٹیکس ریونیو میں اضافہ ہوگا جس سے ملک کے بجٹ خسارے کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔

پی ایم ای ایکس کو یقین ہے کہ سونے کی تجارت کا دانشمندانہ انتظام پاکستان کی مالیاتی حیثیت اور قرض کی اہلیت کو بہتر بنانے میں بہت اہم کردار ادا کرے گا۔

## پی ایم ای ایکس کے منیجنگ ڈائریکٹر کی زیڈ ٹی بی ایل کے صدر سے ملاقات

پی ایم ای ایکس کے منیجنگ ڈائریکٹر اعجاز علی شاہ نے زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (زیڈ ٹی بی ایل) کے صدر شہباز جمیل سے ملاقات کی۔ زیڈ ٹی بی ایل، پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج میں ایک شیئر ہولڈر ہے۔ اس ملاقات میں شاہ صاحب نے جمیل صاحب کو حال ہی میں ہونے والی پی ایم ای ایکس کی ترقی کے بارے میں بتایا جس میں خاص طور پر پی ایم ای ایکس کے ذیلی ادارے گلوبل ٹریڈنگ پلیٹ فارم (جی سی ٹی پی) کا ذکر کیا جو ایک ای۔ کامرس پلیٹ فارم ہے۔



# غیر قانونی/غیر منظم مارکیٹ آپریٹرز کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کرنے کا وقت

عام لوگ ہمیشہ سرمایہ کاری کے نئے مواقع کی تلاش میں رہتے ہیں جو روایتی سرمایہ کاری کی مصنوعات کے مقابلے میں زیادہ شرح منافع پیش کرتے ہیں۔ پاکستان میں کموڈٹی فیوچرز کی تجارت قانونی ہے، لیکن صنعت برے کام کرنے والوں سے بھری ہوئی ہے۔ یہ برے کام کرنے والے غیر منظم مارکیٹ آپریٹرز کہلاتے ہیں۔ چونکہ ہمارے بہت سے کسٹمرز کے پاس فیوچرز ٹریڈنگ کا محدود تجربہ ہے، اس لیے یہ واضح کرنا ضروری ہے کہ غیر منظم مارکیٹ آپریٹرز کون ہیں۔ اس کے علاوہ یہ سمجھنا بھی ضروری ہے کہ غیر منظم مارکیٹ آپریٹرز کے ساتھ تجارت کرنا قانونی ہے یا نہیں۔

غیر منظم مارکیٹ آپریٹر وہ مارکیٹ آپریٹر ہے جو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) سے لائسنس یافتہ اور اس کے پاس رجسٹرڈ نہیں ہے۔ اس لیے ایسے مارکیٹ آپریٹرز کے ساتھ تجارت کرنا غیر قانونی ہے۔ یہ غیر منظم مارکیٹ آپریٹرز غیر ملکی بروکرز کے ساتھ مل کر غیر ملکی انٹرنیٹ پر مبنی تجارتی پلیٹ فارمز/ ایکسچینجز کا استعمال کرتے ہوئے کام کرتے ہیں۔ وہ اعلیٰ ترین شرح منافع کی پیشکش کرتے ہیں، زرمبادلہ میں رقم کا مطالبہ کرتے ہیں، بھاری فیسیں لیتے ہیں اور سافٹ ویئر کے استعمال کے ذریعے نظام میں دھاندلی کرتے ہیں۔



حکومتی اداروں کی جانب سے غیر منظم مارکیٹ آپریٹرز کے خلاف فوری کریک ڈاؤن کیا جانا چاہیے۔ یہ کریک ڈاؤن نہ صرف سرمایہ کاروں کی حفاظت کرے گا بلکہ حکومت پاکستان کے بجٹ ریونیو میں بھی اضافہ کرے گا اور پاکستان کے قیمتی زرمبادلہ کے ذخائر کے غیر قانونی اخراج کو روکے گا۔

اپنے آپ کو دھوکہ بازوں سے بچانے کے لیے کسٹمرز کو کموڈٹی / کرنسی فیوچرز میں کوئی سرمایہ کاری کرنے سے پہلے اس ٹریڈنگ کے بارے میں مکمل معلومات حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔ کوئی بھی کسٹمر جو کموڈٹی فیوچرز میں تجارت کرنا چاہتا ہے، بروکر کا انتخاب کرتے وقت یہ تصدیق کرے کہ وہ بروکر پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج (پی ایم ای ایکس) کا رجسٹرڈ بروکر ہے اور ایس ای سی پی سے لائسنس یافتہ اور رجسٹرڈ ہے۔

گزشتہ سالوں میں ایس ای سی پی سرمایہ کاروں کو ہدایت کرتی رہی ہے کہ کموڈٹیز / کرنسی فیوچرز میں سرمایہ کاری کے وقت محتاط رویہ اختیار کریں تاکہ خود کو جعل سازوں سے محفوظ رکھ سکیں۔ کوئی بھی کسٹمر اگر کموڈٹی فیوچرز میں ٹریڈنگ کرنا چاہتا ہے تو بروکرز کے انتخاب کے وقت یہ ضرور تصدیق کرے کہ وہ پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج (پی ایم ای ایکس) کا ممبر ہے۔ ایس ای سی پی سے لائسنس یافتہ ہے اور اس کے پاس رجسٹر شدہ ہے۔

پی ایم ای ایکس ملک کا واحد ملٹی کموڈٹی فیوچرز ایکسچینج ہے جس کو ایس ای سی پی نے لائسنس دیا ہے اور وہی اس کو ریگولیٹ کرتا ہے۔ ایکسچینج ٹریڈنگ کے لیے فیوچرز کنٹریکٹس اور فنانشل انسٹرومنٹس کی وسیع رینج فراہم کرتا ہے جس میں کیش سیٹلڈ اور ڈیلیوریبل کنٹریکٹس شامل ہیں۔ ایکسچینج ٹریڈنگ کے لیے دنیا بھر میں مشہور میٹا ٹریڈر 5 پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔

اس کے علاوہ ایکسچینج اپنے ریگولیٹری فریم ورک کو مستحکم کرتا رہا ہے تاکہ سرمایہ کاروں کو تحفظ فراہم کیا جا سکے۔ جو اس کے ریگولیٹری سسٹم کا محور ہے۔ ان سے ہم آہنگ ہوتے ہوئے ایم ای ایکس نے ایک ایسا بزنس ماڈل متعارف کرایا ہے تاکہ بروکر کے کردار کو محدود کیا جا سکے اور وہ موجودہ اور مستقبل کے کسٹمرز کو بہترین خدمات فراہم کر سکیں۔ ادائیگیوں کو درپیش خطرہ پر قابو پانے کے لیے ایکسچینج کام کرتا ہے اور کسٹمرز کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ سرمایہ کاری کے فیصلے خود آزادانہ طور پر کریں اور نقد رقم کا لین دین بھی خود کریں۔ اسی طرح کسٹمرز کو اپنے اکاؤنٹس پر مکمل اختیار حاصل ہو جاتا ہے۔ انویسٹرز کے فائدے اور حفاظت کے لیے ایکسچینج نے کسٹمرز کے تنازعات کے حل کے لیے ایک مستحکم اور مؤثر نظام تشکیل دیا ہے۔

مختصراً پی ایم ای ایکس فیوچرز کی ٹریڈنگ کے لیے پلیٹ فارم فراہم کرنے والا ادارہ ہے وہ انویسٹرز کے مفادات کی حفاظت کرتا ہے۔

# مندرجات


| | |
|---|---|
| غیر قانونی/غیر منظم مارکیٹ آپریٹرز کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کرنے کا وقت | ۱ |
| پی ایم ای ایکس اور حکومت پاکستان کا گولڈ کی تجارت کو باقاعدہ بنانے میں تعاون | ۲ |
| پی ایم ای ایکس کے منیجنگ ڈائریکٹر کی زیڈٹی بی ایل کے صدر سے ملاقات | ۲ |
| پی ایس ایکس کی چیئرپرسن کا پی ایم ای ایکس کا دورہ | ۳ |
| جی سی ٹی پی کے وفد کی صدر ایف پی سی سی آئی سے ملاقات | ۴ |
| سید نجم علی کی جی سی ٹی پی میں بطور سی ای او تقرری | ۴ |
| پی ایم ای ایکس کی جانب سے بزنس اسکولز کے گریجویٹس کے لیے کاروباری مواقع | ۵ |
| جی سی ٹی پی کے بارے میں ویب نارز | ۶ |
| آگاہی پروگرامز | ۷ |
| سرکلرز اینڈ نوٹیفکیشنز | ۸ |
| دس سرفہرست بروکرز | ۹ |
| پی ایم ای ایکس کی شہ سرخیاں | ۱۰ |
| اشیا کی قیمتوں کا رجحان | ۱۱ |



## پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایم ای ایکس)

ہیڈ آفس: B-3، تھرڈ فلور، بحریہ کمپلیکس IV، چوہدری خلیق الزماں روڈ، گزری، کراچی۔ 75600، پاکستان
کراچی: 623-623-111 (21-92+)
فیکس: 022-35155 (21-92+)
ای میل: info@pmex.com.pk

اسلام آباد آفس: آفس نمبر جی۔9 (بی)، آئی ایس ای ٹاور، جناح ایونیو، بلو ایریا، اسلام آباد، پاکستان
اسلام آباد: 4-2894003 (51-92+)

لاہور آفس: آفس نمبر 01، P2 فلور، علی ٹاور، B2-105، ایم۔ایم عالم روڈ، گلبرگ 3، لاہور، پاکستان
لاہور: 6-35752825 (42-92+)

کسٹمر سپورٹ سروسز
UAN: (+92-21) 111-11-PMEX (7639)
Email: support@pmex.com.pk



## پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایم ای ایکس)

پاکستان کا پہلا اور واحد ملٹی کموڈٹی فیوچرز ایکسچینج ہے جسے سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے لائسنس جاری کیا ہے اور وہی اس کو ریگولیٹ کرتا ہے۔اس کے شیر ہولڈرز میں نیشنل بنک آف پاکستان (این بی پی)، پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایس ایکس)، آئی ایس ای ٹاورز ریٹ مینجمنٹ کمپنی لمیٹڈ، ایل ایس ای فنانشل سروسز لمیٹڈ، پاک برونائی انوسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ، زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ اور پاک کویت انوسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ شامل ہیں۔

ایکسچینج متنوع مقامی اور انٹرنیشنل کموڈٹیز اور فنانشل فیوچرز ٹریڈنگ کے لئے پیش کرتا ہے۔ اسٹیٹ آف دی آرٹ ٹیکنالوجی پر مشتمل ایک انتہائی جدید انفرااسٹرکچر کے ذریعے مکمل سہولیات ایک ہی چھت کے نیچے فراہم کی جاتی ہیں جس میں ٹریڈنگ، کلئیرنگ اینڈ سیٹلمنٹ، کسٹوڈی اور بیک آفس شامل ہیں۔ پی ایم ای ایکس مختلف بین الاقوامی ایسوسی ایشنز سے وابستہ ہے جس میں ایسوسی ایشن آف فیوچرز مارکیٹ (اے ایف ایم) اور فیوچرز انڈسٹری ایسوسی ایشن (ایف آئی اے) شامل ہیں۔ اس کے علاوہ پی ایم ای ایکس بورسا استنبول، ازمیر کموڈٹی ایکسچینج، دبئی گولڈ اینڈ کموڈٹی ایکسچینج (ڈی جی سی ایکس)، ڈالین کموڈٹی ایکسچینج، ایران مرکنٹائل ایکسچینج (آئی ایم ای) اور بیلاروزین یونیورسل کموڈٹی ایکسچینج کے ساتھ مفاہمتی معاہدے بھی کر چکا ہے۔


### اہم وضاحت

اس نیوز لیٹر میں فراہم کی جانے والی معلومات کا بنیادی مقصد قارئین میں آگاہی پیدا کرنا ہے۔ نہ تو یہ کسی قسم کی پیش کش ہے نہ ہی اس کا مقصد انکو کموڈٹی فیوچرز میں سرمایہ کاری کی ترغیب دینا ہے جو خطرہ سے مبرا نہیں۔ اس میں بیان کردہ خیالات، اظہار یا رائے کا مقصد پڑھنے والوں کو صرف معلومات فراہم کرنا ہے۔



پی ایم ای ایکس کے مارکیٹنگ ڈیپارٹمنٹ کی پبلیکیشن

ڈیزائن: d.Studio

پرنٹر: ایپل ٹری گرافکس

شمارہ ۳۲ اکتوبر۔دسمبر ۲۰۲۱

# پلس

نیوزلیٹر




YOUR FUTURES EXCHANGE,
THE EXCHANGE OF THE FUTURE

PAKISTAN MERCANTILE EXCHANGE

P M E X